© rasailojaraid.com



ہے۔ متعدد دلچسپ افسانوں کے علاوہ ہمارے عزیز سید محمد ازہر شاہ کا مضمون "دنیا میں اسلام کیونکر پھیلا" پڑھنے کے لائق ہے۔ بچوں کے صفحہ میں مذہبی معلومات آسان اور سلیس زبان میں لکھی گئی ہیں، اخیر کے تین صفحات میں تکیہ اور رومال وغیرہ پر کاڑھنے کے لیے پھولوں کے خاکے دیے گئے ہیں ضخامت ۸۰ صفحات لکھائی چھپائی متوسط۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ۔

## "ہمدرد صحت" کا تپ دق و سل نمبر

ہندوستان کا سب سے زیادہ مشہور اور کم قیمت طبی پرچہ "ہمدرد صحت" دہلی ہر سال کسی خاص موضوع پر اپنا ایک خاص اور ضخیم نمبر شائع کرتا ہے۔ چنانچہ امسال اس سالہ کا تپ دق و سل نمبر بڑے اہتمام کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ اور گذشتہ نمبروں کی طرح ہر لحاظ سے کامیاب ہے۔ اس خاص نمبر میں مشرق و مغرب کے اساتذۂ فن کے قیمتی مضامین دق اور سل کے مختلف پہلوؤں کے متعلق درج ہیں جن میں بڑی محنت اور جانکاہی سے کام لیا گیا ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ کسی انسائیکلوپیڈیا میں دق اور سل کے متعلق جس قدر تحقیقی مضامین ہو سکتے ہیں وہ سب اس میں جمع ہیں۔ اخیر میں حسب معمول "ادبیات" کے زیر عنوان متعدد طبی افسانے ہیں جو زبان و بیان اور افادیت کے اعتبار سے دلچسپ ہیں۔ دق اور سل کی صحت گاہوں کے حالات بھی ہیں۔ ہندوستانیوں کی صحت عامہ کے متعلق اعداد و شمار بھی۔ کتابت و طباعت عمدہ اور دیدہ زیب۔ ارباب ذوق کو اس کی قدر کر کے حکیم عبدالحمید صاحب کی کوششوں کی عملی داد دینی چاہیے۔ سالانہ چندہ ۸/



© rasailojaraid.com